سوال

(252) سجدہ سے سر اٹھاتے وقت رفع الیدین کا کیا حکم ہے ؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

سجدہ میں جاتے وقت اور سجدہ سے سر اٹھاتے وقت رفع الیدین کا کیا حکم ہے ؟ (قاسم بن سرور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

صحیح بخاری اور صحیح مسلم میں عبداللہ بن عمر رضی اللہ عنہ کی حدیث میں ہے : ((وَلاَیَفْعَلُ ذٰلِکَ فِی السُّجُوْدِ)) ''اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم سجدہ میں رفع الیدین نہ کرتے تھے ۔ ''2 تو رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم سجدوں میں رفع الیدین نہیں کیا کرتے تھے ۔ ٧ ٧ ١٤٢٣ھ

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 04